[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**Sr. No. of Question Paper : 1680** **I**

Unique Paper Code : 2142102301

Name of the Paper : Study of Classical Prose

Name of the Course : **B.A. (H) Urdu**

Semester : III

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ مندرجہ ذیل نثری اقتباسات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

"تمام رات نیند اچاٹ ہوگئی اور اسی منصوبے کے اُدھیڑ بن میں کٹی۔ جب روز روشن ہوا، میں چلا۔ چوک میں سے اچھے اچھے تھان پوشاکی اور گوٹا کناری اور میوہ خشک وتر خرید کے، اس بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نہایت خوش ہوکر بولا کہ سب کو اپنی جان سے زیادہ کچھ عزیز نہیں۔ پس اگر میری جان بھی تیرے کام آوے، تو دریغ نہ کروں۔ اور اپنی بیٹی ابھی تیرے حوالے کروں لیکن یہی خوف آتا ہے کہ اس حرکت سے تیری جان کو خطرہ نہ ہو کہ یہ داغ لعنت کا میرے اوپر تا قیامت رہے۔ میں نے کہا: اب اس بستی میں بے کس واقع ہوں اور تم میرے دین ودنیا کے باپ ہو۔ میں اس آرزو میں مدت سے کیا کیا تباہی اور پریشانی کھینچتا ہوا اور کیسے کیسے صدمے اٹھاتا ہوا یہاں تک آیا اور مطلب کا بھی سراغ پایا۔"

(ب)

''یہ شخص بھی گرفتار محبت اسیر دام الفت اسی کا ہے مجھ سے بڑی غلطی ہوئی۔ دفعۃً خبر بدسنانی نہ تھی آفت اس کی جان پر جان کرلانی نہ تھی ہرچند گلاب کیوڑا چھڑکا ہوش نہ آیا بدحواس بادشاہ کے حضور میں حاضر ہوا روکر عرض کی آج ماتم انجمن آرا تازہ ہوا بادشاہ نے فرمایا کیا ماجرا ہے اس نے عرض کی کہ کسی ملک کا شہزادہ اس کی محبت میں سلطنت سے ہاتھ اٹھا فقیرانہ سج بنا یہاں تک پہنچا ہے مجھ سے جادوگر کے اٹھالے جانے کی خبر سن کر آہ کھینچ زمین پر گرا ہے اب تک ہوش نہیں آیا تھا عجب صدمہ دل پر دھر گیا ہے خدا جانے جیتا ہے یا مر گیا ہے کیا عرض کروں غلام کی نظر سے اس سج دھج کا پری پیکر آج تک از قسم بشر نہیں گذرا۔''

۲۔ اردو نثر کے آغاز وارتقاء پر اظہار خیال کیجئے۔

۳۔ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

۴۔ اردو میں مکتوب نگاری کا فن پر مفصل نوٹ لکھئے۔

۵۔ میرامن کی نثر نگاری پر روشنی ڈالیے۔

۶۔ رجب علی بیگ سرور کی طرز نگارش کا تجزیہ کیجئے۔

۷۔ غالبؔ کی خطوط نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۸۔ فورٹ ولیم کالج کی اہم تصانیف کا جائزہ لیجئے۔

۹۔ دبستان دہلی اور دبستان لکھنؤ کی نثر نگاری کی امتیازات واضح کیجئے۔